فنِ یادداشت

اور

انگریزی الفاظ

تصنیف

پروفیسر عبدالغنی

ترجمہ

محمد اشتیاق ملک

Marfat.com

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ

Marfat.com

Marfat.com

فنِ یادداشت

اور

انگریزی الفاظ

تصنیف

پروفیسر عبدالغنی

ترجمہ

محمد اشتیاق ملک

فضلِ ربّی پریس ، بیسمنٹ خورشید پیلس ، کشمیر روڈ ، صدر ، راولپنڈی

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

138556

نام کتاب ----------- فنِ یادداشت اور انگریزی الفاظ

مصنّف ----------- پروفیسر عبد الغنی

مترجّم ----------- محمد اشتیاق ملک

اشاعت ----------- اوّل ۱۹۹۹ء

تعداد ----------- ایک ہزار

طابع ----------- فضلِ ربّی پریس، راولپنڈی

قیمت ----------- -/175 روپے

ملنے کے پتے :

1۔ بُک سنٹر، 32 حیدر روڈ، راولپنڈی

2۔ صاحبزادہ محمد الیاس، چک بہرام، جہلم

3۔ المدینہ سٹیشنری ہاؤس، پنجاڑ روڈ، کہوٹہ (راولپنڈی)

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا

عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ

وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وبارک وسلّم

Marfat.com

اپنے برادرِ عزیز

ریاض احمد عرف 'برادران' سلمہٗ اللہ تعالیٰ

کے نام

ترا جوہر ہے نوری پاک ہے تو
فروغِ دیدۂ افلاک ہے تو
ترے صیدِ زبوں افرشتہ و حور
کہ شاہینِ شہِ لولاکؐ ہے تو

اقبالؒ

Marfat.com

فہرست

1 ۔ کچھ مصنف کے بارے میں	2
2۔ مترجم کے قلم سے	5
3۔ پیشِ لفظ	8
4۔ فنِ یادداشت کیوں ضروری ہے؟	11
5۔ فنِ یادداشت، کیا اور کیسے!	15
6۔ فنِ یادداشت کے طریقے (I)	23
7۔ فنِ یادداشت کے طریقے (II)	31
8۔ طرزِ تدریس	40
9۔ اختتامیہ	50
10۔ سفارشات	52

Marfat.com

کچھ مصنّف کے بارے میں

پروفیسر عبد الغنی جو اس وقت گورنمنٹ کالج کلر سیداں ضلع راولپنڈی میں انگریزی کے اسسٹنٹ پروفیسر ہیں، علمی دنیا کی ایک جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ یہ ان کے تعلیم و تعلّم کے ساتھ طبعی لگاؤ کا نتیجہ ہے کہ انھوں نے مقابلے کے امتحان (CSS) میں نمایاں کامیابی حاصل کی لیکن شعبۂ تعلیم کو ترجیح دی۔ اس طرح انھوں نے دنیاوی جاہ و جلال اور آسائشوں کو علم کی قربان گاہ پر قربان کر دیا۔ وہ فطرتاً تدریس اور کثرتِ مطالعہ کے دلدادہ ہیں۔ یہاں یہ بتانا نہایت مناسب ہو گا کہ یہ ان کے عالی مرتبت والدِ گرامی تھے جنھوں نے اپنے ہونہار بیٹے کے اندر حصولِ علم کی تڑپ پیدا کر کے اس جذبے کی نشوونما کی۔ یہ علم کی جستجو ہی تھی جو پروفیسر عبدالغنی کو ایک عظیم فاضل شخصیت کے روپ میں تبدیل کرنے میں معاون ثابت ہوئی۔

انھوں نے اپنی زندگی کے چوالیس سال حصولِ علم کے لیے وقف کیے اور نمایاں کامیابی کے ساتھ ایم - اے کی تین ڈگریاں (انگلش، اردو، تاریخ) پنجاب یونیورسٹی لاہور سے، ایک ڈگری (فارسی) قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد سے اور ایک ڈگری (تدریسِ انگریزی بطورِ زبانِ خارجی --- TEFL) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

Marfat.com

اسلام آباد سے حاصل کی۔ اس طرح وہ ایم۔اے کی پانچ ڈگریوں کے حامل ہیں۔ قابلِ تحسین بات یہ ہے کہ ان پانچوں امتحانات میں انھوں نے متعلقہ یونیورسٹیوں میں امتیازی حیثیتیں حاصل کی ہیں۔

موصوف ایک فاضل محقق بھی ہیں اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے اقبالیات میں ایم ۔ فل بھی کر چکے ہیں۔ ان کے ایم فِل کے تحقیقی مقالے "فارسی نظم گوئی میں مقامِ اقبال" کو علمی دنیا میں زبردست پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ یہ مقالہ بزمِ اقبال، لاہور کے تحت زیرِ اشاعت ہے۔ یہ بلاشبہ ان کا امتیاز ہے جو ان کے علم کے ساتھ لگاؤ کا منہ بولتا ثبوت اور ان کی ہمہ جہت شخصیت کی عظمت کا عکّاس ہے۔ آج کل وہ کلامِ اقبال کے انگریزی تراجم پر پی۔ ایچ۔ ڈی کر رہے ہیں۔

ان کا پیغام ان لوگوں کے لیے جو ان کے پاس آتے ہیں، یہی ہوتا ہے کہ زیادہ سے زیادہ علم حاصل کریں۔ پروفیسر صاحب ان ہزاروں نوجوانوں کے لیے فیض کا منبع ہیں جنھوں نے ان کی تحریک اور رہنمائی سے مختلف علمی شعبوں میں اپنی استعداد بڑھائی ہے۔ ان کے ہاں ہزاروں کتب پر مشتمل ایک بہت بڑی لائبریری بھی موجود ہے۔ تعلیمی سرگرمیوں میں ان کو ایک مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ ان کی خود اپنی تعلیم اور اپنے دوستوں کی تعلیم و تربیّت پر ہمہ وقت توجہ انشاء اللہ ایک نئے عہد کا باعث بنے گی، کم از کم ان کے لیے جو ان کی صحبت سے مستفید ہوتے ہیں۔

پروفیسر صاحب نے جب سے انگریزی زبان کا مطالعہ شروع

Marfat.com

کیا تب سے علم الصوت(Phonetics) اور فنِ یادداشت (Mnemonics) مسلسل ان کی دلچسپی کے اہم موضوع رہے ہیں۔ انھوں نے ان شعبوں میں خاطر خواہ ترقی کی ہے۔ ان کی فنِ یادداشت پر موجودہ کتاب آموزشِ عمومی اور بالخصوص انگریزی الفاظ سیکھنے کے شعبہ میں ایک بے مثل اضافہ ہے۔ پروفیسر عبد الغنی صاحب نے مستقبل کے محققین کے لیے ایک نئی راہ متعین کی ہے اور طلباء کے ذخیرۂ الفاظ کو بڑھانے اور ذہن میں محفوظ رکھنے کے لیے رہنمائی مہیا کی ہے۔ یہ کتاب اس سلسلہ کی پہلی کاوش ہے جس نے وہ نئی راہیں کھولی ہیں جو پاکستان میں اب تک غیر متعارف تھیں۔ اس کاوش پر مصنف کو اس شعبہ میں پیش رو کی حیثیت سے یاد رکھا جائے گا۔

پروفیسر حسن اختر
صدر، شعبۂ انگریزی
گورنمنٹ کالج آف کامرس
راولپنڈی۔

Marfat.com

مترجم کے قلم سے!

خدائے بزرگ و برتر کا شکر گزار ہوں کہ مصنفِ کتاب جناب پروفیسر عبدالغنی صاحب کی خواہش پر مجھے اس کتاب کا ترجمہ کرنے کا اعزاز حاصل ہوا۔ پروفیسر عبدالغنی صاحب کو اللہ تعالی نے ایک ہمہ گیر شخصیت سے نوازا ہے۔ یہ ہمہ گیریت ان کی مختلف علوم تک رسائی میں محسوس کی جا سکتی ہے۔ آپ ایک نامور مذہبی محقق اور ایک مستند روحانی رہنما ہیں۔

تعلیمی میدان کے وسیع تجربے نے آپ کو پاکستانی طلباء کو انگریزی زبان سکھانے کے لیے ایک نئے طریقۂ کار کو وضع کرنے پر ابھارا ہے۔ زیرِ نظر کتاب میں مصنف نے اپنے تخلیقی افکار کے ذریعے فنِ یادداشت کے متعلق دلچسپ اور پرکشش فارمولے پیش کیے ہیں جو یقیناً طلباء اور اساتذہ کے لیے نئی راہیں کھولیں گے اور قارئین کی تربیتِ حافظہ، خاص طور پر انگریزی زبان سے متعلق معلومات کو ذہن نشین کرنے کے لیے تحریک پیدا کریں گے۔ یہ طریقے نہ صرف طلباء میں نئی چیزوں کو یاد کرنے کے لیے ذہنی رویّوں میں تبدیلی پیدا کریں گے بلکہ ان کی تخلیقی قوت کو بھی بڑھانے کا باعث ہوں گے۔ اگرچہ ان طریقوں میں بنیادی اہمیت انگریزی زبان سیکھنے کو دی گئی ہے لیکن اس کے باوجود دوسرے مضامین کو یاد کرنے کے بھی وسیع مواقع مہیا کیے گئے ہیں۔

Marfat.com

درحقیقت میرے لیے یہ ایک بہت ہی مشکل کام تھا کہ میں ایسے عظیم تحقیقی کام کا ترجمہ کروں، لیکن میں نہایت عاجزی کے ساتھ مصنفِ کتاب کا شکرگزار ہوں کہ انھوں نے ترجمے کے دوران میری مدد اور رہنمائی فرمائی، خاص طور پر ان اصطلاحات کی توضیح اور ترجمہ میں جن کے متبادل الفاظ شاید ہی اردو زبان میں موجود ہوں، کیونکہ ابھی تک اردو زبان میں اس موضوع پر کوئی کام نہیں ہوا۔

یہاں یہ کہنا کافی ہو گا کہ فنِ یادداشت کے متعلق جو کچھ اس کتاب میں بیان کیا گیا ہے وہ ترغیب دہندہ، عالمانہ اور دستاویزی شہادتوں سے مملو ہے۔ تمام حوالہ جات نامور ماہرینِ لسانیات کی کتب سے لیے گئے ہیں۔ آخر میںؑ میں یہ ضرور کہوں گا کہ یہ کتاب ایک شاندار کوشش ہے۔ اپنی وسعتِ نظر میں یہ یقیناً بے مثل ہے۔ جس انداز سے اس کتاب میں فنِ یادداشت کو پیش کیا گیا ہے وہ لازماً ہر ذی فہم قاری کی توجہ کو جلب کرے گا۔

محمد اشتیاق ملک

Marfat.com

قارئینِ کرام کی توجہ کے لیے!

قارئینِ کرام سے درخواست ہے کہ کتابِ ہٰذا کے اردو ترجمے میں دیے گئے حوالہ جات درج شدہ نمبروں کی ترتیب کے مطابق اس کتاب کے انگریزی متن میں ملاحظہ فرمائیں۔ چونکہ تمام حوالہ جات انگریزی متون سے لیے گئے ہیں اور ان کا اندراج بھی انگریزی طرز پر ہی ممکن تھا، اس لیے تکرارِ محض سے بچنے کے لیے یہ حوالہ جات صرف انگریزی حصے میں ہی متعلقہ ابواب کے آخر میں درج کرنے پر اکتفا کیا گیا ہے۔ فہرستِ منابع (Bibliography) بھی انگریزی متن کے آخر میں درج کی گئی ہے۔

مصنّف

Marfat.com

پیش لفظ

زیرِ نظر کتاب قدرے اضافہ و ترمیم کے ساتھ اس تحقیقی اور تخلیقی مواد پر مشتمل ہے جو میں نے ریسرچ پیپر کے طور پر ایم-اے تدریسِ انگریزی بطورِ زبانِ خارجی (TEFL) کے لیے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کو پیش کیا- جب میں نے اپنے ریسرچ پیپر کے لیے اس نامانوس موضوع کا انتخاب کیا تو اساتذہ انگشت بدنداں ہو کر رہ گئے، بلکہ اکثر نے میرا سپروائزر بننے سے معذرت کر لی- تاہم بھلا ہو پروفیسر عبدالحفیظ صاحب کا کہ جنھوں نے اپنی علم دوستی کا ثبوت دیتے ہوئے میرا سپروائزر بننے کی ذمہ داری قبول فرمائی اور اس طرح یہ موضوع مسترد ہونے سے بچ گیا-

میری طرف سے اس موضوع کا انتخاب محض وقتی اور ہنگامی نہیں تھا بلکہ علومِ ذہن(Mind Sciences) شروع ہی سے میری دلچسپی کے محور رہے ہیں- علمِ یادداشت بھی انھی نادر علوم میں سے ایک ہے- بفضل اللہ یہی وہ علم ہے جس نے مجھے پہلی جماعت سے لیکر پی-ایچ-ڈی تک حیرت انگیز کامیابیوں سے ہمکنار کیا ہے- میری اکثر یہ خواہش رہی ہے کہ اس سرچشمۂ فیض سے زیادہ سے زیادہ احباب کو مستفید کیا جائے-

میں نے ایم-اے تدریسِ انگریزی کے ابتدائی کورسوں میں قوانینِ حافظہ کا استعمال کر کے نمایاں کامیابیاں حاصل کر لی تھیں،

Marfat.com

لہذا مجھے کامل یقین تھا کہ اگر آخری تحقیقی کام بھی اسی موضوع پر کیا جائے تو اہلِ علم کے لیے موجبِ قبولیت ہو گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ مجھے اساتذہ، طلباء اور محققین کی جانب سے اس قدر تحسین ملی اور اس مواد کی اشاعت پر اصرار اس قدر بڑھا کہ میں نے عدیم الفرصتی کے باوجود اس مختصر کتاب کو شائع کرانے کا ارادہ کر لیا۔

یہ کتاب بہت پہلے منظرِ عام پر آ جاتی، لیکن اردو خوان طبقے (خصوصاً طلباء) نے اس بات پر اصرار شروع کر دیا کہ انگریزی متن کا اردو ترجمہ بھی کر دیا جائے تاکہ انگریزی میں کم استعداد رکھنے والے حضرات بھی فائدہ اٹھا سکیں۔ چنانچہ میں نے یہ کام اپنے ایک عزیز محمد اشتیاق ملک صاحب کے سپرد کر دیا۔ انھوں نے نہایت محنت اور لگن سے یہ فریضہ انجام دیا۔ اس طرح یہ مواد اردو خوان طبقے تک بھی پہنچاتے ہوئے ہم قلبی مسرت محسوس کر رہے ہیں۔ عزیزم اشتیاق ملک اپنی اس کاوش پر بلاشبہ خصوصی شکریے کے مستحق ہیں۔

قارئینِ کرام کو یہ کتاب خاصی مختصر محسوس ہو گی۔ دراصل یہ انگریزی زبان کے اساتذہ کی رہنمائی کے لیے لکھی گئی ہے، اور اس میں ابتدائی مقالے کے مواد ہی کو پیش کیا گیا ہے، مزید تحقیقی مواد شامل کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ کچھ محدود اضافہ جات صرف تعارفی اور توضیحی مواد میں ہیں۔ حوالہ جات کا انداز بھی تبدیل کر دیا گیا ہے۔ آپ کو اس کتاب کے اختصار میں

Marfat.com

جامعیت کا احساس ضرور ہو گا۔ اگر آپ چاہیں تو اس کے مواد کو کئی کتب تک پھیلا سکتے ہیں۔

یہ کتاب نظری سے زیادہ عملی نوعیت کی ہے۔ آپ اس میں پیش کیے گئے قوانین کو اپنی عادت بنانے کی کوشش کریں۔ آپ دیکھیں گے کہ آپ نہ صرف انگریزی بلکہ ہر نئی زبان بہ آسانی سیکھنے کے قابل ہو جائیں گے۔ اگر آپ اس موضوع کے بارے میں زیادہ سنجیدہ ہیں اور اس کتاب میں دی گئی "کتابیات" میں سے چند کتب کا مطالعہ کر کے ان میں درج شدہ قوانینِ حافظہ کو اپنی زندگی کے ہر شعبے میں استعمال میں لانا چاہتے ہیں تو یقین رکھیے کہ حیرت انگیز کامیابیاں آپ کی منتظر ہیں۔

عبد الغنی

راولپنڈی

28 مارچ 1999ء

Marfat.com

فنِ یادداشت کیوں ضروری ہے؟

ایک غیرملکی باشندہ جب انگریزی کو بطورِ خارجی زبان کے سیکھتا ہے تو ابتدائی سطح پر وہ دو بڑے مسئلوں سے دوچار ہوتا ہے:

(ا) انگریزی ایک عالمگیر زبان ہے اور میریوپئی (Mario Pei) کے الفاظ میں، "اندازاً انگریزی کے الفاظ کی کل تعداد ایک ملین ہے۔ یقیناً کوئی غیر معمولی شخص ہی اس کل تعداد میں سے ایک لاکھ الفاظ سے زیادہ جانتا ہو گا۔"[1] خوش قسمتی سے اگر کوئی شخص ایک لاکھ الفاظ جانتا ہو تو بجا طور پر وہ ایک ماہرِ زبان شمار ہو گا، ورنہ ایک عام شخص بمشکل تیس ہزار الفاظ کی حد کو عبورکرتا ہے۔ اسی مصنف کے الفاظ میں "ہر استعمال کنندہ اکثر ہزاروں اضافی الفاظ کا سامنا کرتا ہے اور اگر وہ اپنی ذات سے مخلص ہے، تو اسے ضرور تسلیم کرنا چاہیے کہ وہ انھیں نہیں جانتا۔"[2]

ایس ایچ برٹن (S.H.Burton) انگریزی لغت کو خصوصی انداز میں پرکھتے ہوئے لکھتا ہے، "آکسفورڈ انگلش ڈکشنری میں تقریباً نصف ملین الفاظ مندرج ہیں ----- ممتاز ماہرینِ لسانیات شاید پچیس یا تیس ہزار الفاظ کا مجموعہ یاد رکھتے ہوں۔ ایک اوسط درجہ کا تعلیم یافتہ شخص اندازاً بارہ سے پندرہ ہزار الفاظ کا ذخیرہ رکھتا ہے۔"[3]

Marfat.com

ان ماہرینِ لسانیات کے بیانات یہ ظاہر کرتے ہیں کہ انگریزی بہت وسیع ذخیرۂ الفاظ رکھتی ہے اور اس پر دسترس ایک مشکل کام ہے۔

انگریزی لغت کی یہ وسعت اتنی پیچیدہ ہے کہ اس نے خود کو شاخ در شاخ بہت سی سمتوں میں تقسیم کیا ہوا ہے، مثال کے طور پر:

1۔ ادائیگئ الفاظ کے مسائل

2۔ ہجوں کے مسائل

3۔ مستعار اور غیرملکی الفاظ کے مسائل

4۔ لفظی گروہوں (Word Clusters) کے مسائل

(ا) ایسے الفاظ جن کی ساخت کا مادہ ایک ہو

(ب) مترادف یا ہم معنی الفاظ

5۔ فعل کی اقسام اور قواعِد جمع کے مسائل

6۔ مخفف اور دوسرے نئے الفاظ کے مسائل

7۔ الفاظ کی تاریخ اور ان کے معنوی ارتقاء کے مسائل

الزبتھ (Elizabeth)، مورس کلولے (Morse Cluley) اور رچرڈ ریڈ (Richard Read) نے اپنی کتاب 'Power Vocabulary' (1988) میں لغت کے 59 مشکل پہلوؤں کی نشاندہی کی ہے۔

(ب) دوسرا مسئلہ ایک نفسیاتی مسئلہ ہے۔ جب تک بار بار نہ دہرائیں ہم عام طوَر پر بہت سی معلومات جو ہمارے حافظے میں محفوظ ہوتی ہیں، بھولنے لگتے ہیں۔ اس وجہ سے ایک سیکھنے

Marfat.com

والے کو بار بار لغت کی طرف رجوع کرنا پڑتا ہے۔ یہ ایک نہایت اکتا دینے والا کام ہے خصوصاً ایک غیرملکی نو آموز کے لیے۔

ان تمام مسائل کی موجودگی میں ببانگِ دہل یہ کہا جا سکتا ہے کہ کسی لفظ اور اس کے معنی کو یاد کرنا اس لفظ کے ساتھ ایک وقتی اور صرف سر ہلانے کی حد تک واقفیت سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ اس صورتحال کی سنجیدگی کو محسوس کرتے ہوئے میکس ویل نرنبرگ **(Maxwell Nurnberg)** لکھتا ہے، ''ذخیرۂ الفاظ بڑھانے میں زیادہ مسئلہ نئے الفاظ ڈھونڈنے یا ان کے معنے تلاش کرنا نہیں، بلکہ اصل مسئلہ ان کو یاد کرنے اور ان کو ہمیشہ کے لیے اپنے ذہن میں بٹھانے کا ہے۔'' [4]

اس لیے زیرِنظر کتاب میں میں نے ایسے انگریزی الفاظ یاد کرنے کے سوال کو اٹھایا ہے جن کی ادائیگی، ہجّے اور معانی پاکستانیوں کے لیے نامانوس ہیں۔ سیکھنے والوں کا معیار میرے ذہن کے مطابق بی-اے اور اس سے بالاتر طلباء کا ہے جن کی اہم ضرورتیں مندرجہ ذیل ہیں :

(ا) جو کالج / یونیورسٹی اور مقابلہ کے امتحان دینا اور کامیاب ہونا چاہتے ہیں

(ب) جو مؤثر طور پر خط و کتابت، کاروبار اور بات چیت کے قابل ہونا چاہتے ہیں

(ج) جو مزید علمی تحقیق/ تحصیل علم کے لیے تیاری کرنا چاہتے ہیں

Marfat.com

میرے مطالعہ اور تجربے نے مجھے قائل کر دیا ہے کہ فنِ یادداشت کے ذریعہ سے ان مسائل پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ بنابریں میں نے ان قوانینِ یادداشت کو اپنے تعلیمی ماحول میں قابلِ اطلاق بنانے کی کوشش کی ہے۔ امیدِ واثق ہے کہ میری یہ کوشش ہمارے پاکستانی طلباء میں انگریزی کے خوف کو کم کرے گی اور اسے سیکھنے کی رفتار میں اضافے کا باعث بنے گی۔

Marfat.com

فنِ یادداشت : کیا اور کیسے ؟

(Mnemonics : What And How ?)

ذخیرۂ الفاظ کو بڑھانے کے پانچ طریقے :

ہم سب الفاظ کے معانی جاننے کے لیے مختلف طریقے استعمال کرتے ہیں۔ میکس ویل نرنبرگ (Maxwell Nurnberg) نے الفاظ کے معانی جاننے کے لیے ہمارے عام طریقوں کا لبِ لباب بیان کیا ہے :[1]

(ا) بالعموم کسی لفظ تک ہماری رسائی پڑھنے اور سننے کے حوالے سے ہوتی ہے۔ جب ہم اس حوالہ کو دوبارہ یاد کرتے ہیں تو عموماً ہم اس قابل ہو جاتے ہیں کہ اس مخصوص لفظ کے معنی کو دوبارہ ذہن میں لا سکیں۔ یہ ایک بالکل قدرتی طریقہ ہے جسے ہر کوئی استعمال کرتا ہے۔

(ب) بعض اوقات ایک لفظ کے سابقے کی پہچان سے ہم اس کے معنی اخذ کر لیتے ہیں۔ مثال کے طور پر دو سابقے 'bi' (two) اور 'mono' (one) 'bicycle' اور 'monologue' جیسے الفاظ کے معنی جاننے میں معاون ثابت ہوتے ہیں۔

(ج) بسا اوقات الفاظ کو چھوٹے چھوٹے حصوں میں تقسیم کرنے سے ان کے معانی کا تعین ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر

Marfat.com

لفظ 'sometimes' کو دو قابلِ شناخت حصوں میں تقسیم کر دیا جائے جیسے 'some' اور 'times' تو یہ بچوں کے لیے بھی یاد کرنے میں یکساں طور پر آسان ہو جائے گا۔

(د) علمِ اللسان کے ماہرین الفاظ کے مادوں کے بارے میں گہری چھان بین کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر مادے 'spec'، 'spect' اور 'spectro' جن کے معنی پاسبانی کرنا، دیکھنا یا مشاہدہ کرنا ہیں، ہمیں اس طرح کے الفاظ سمجھنے میں رہنمائی کرتے ہیں:

spectacular, spectacle, spectator, specter, spectral, spectrogram, spectrophobia, spectrum, spectroscope, spectrophone, spectroheliosope, spectroheliograph, spectrometry, specimen, specialist, special, species, specious, etc.

یہ ذخیرۂ الفاظ بڑھانے کی ایک بہترین علمی صورت ہے۔

(ہ) کچھ الفاظ کے لفظی منابع تاریخ میں پائے جاتے ہیں۔ جب ان کے ماضی سے پردہ اٹھایا جاتا ہے تو انھیں یاد کرنے میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔ مثال کے طور پر ایسے الفاظ جیسے 'Achilles' heel'، 'Herculean task'، 'Olympic' یا 'Pandora's box' کو ان کے تاریخی پس منظر کے حوالے سے بہتر طور پر سمجھا اور حافظہ میں محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

قانون ربط (Law Of Association)

ہر نوآموز اوپر دیے گئے پانچ طریقوں میں سے کچھ یا پانچوں کو استعمال میں لاتا ہے۔ اگر ہم ان طریقوں کے بنیادی تصورات کی چھان بین کریں تو ایک حیرت انگیز حقیقت روشن ہوتی ہے کہ ان تمام طریقوں کی اساس ربطِ باہمی کا قانون ہے جس کی بنا پر ہم معلوم سے نامعلوم کی طرف سفر کرتے ہیں یعنی ہم جاننے اور نہ جاننے کے درمیان ربط قائم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

فنِ یادداشت : ایک لفظی تجزیہ (Mnemonics : A Word Analysis)

الفاظ سیکھنے کے مذکورہ بالا پانچ طریقوں اور قانون ربط کو مدنظر رکھتے ہوئے اب ہم اپنے پیشِ نظر لفظ 'Mnemonics' کا تجزیہ کرتے ہیں۔ میکس ویل نرنبرگ (Maxwell Nurnberg) اس لفظ کا ساختیاتی تجزیہ پیش کرتا ہے :

'Mnemonics' ہم تک ایک یونانی مادے 'MNE' سے آیا ہے جس کے معنی 'یاد کرنے' کے ہیں۔ ہم اس لفظ کے معنی کا چند ایسے الفاظ کے ذریعے جو کہ MNE کے مادے سے ماخوذ ہیں ، واضح تعین کر سکتے ہیں۔ ایک شخص جس کو 'amnesia' کی بیماری ہو، وہ ہوتا ہے جس کی یادداشت کھو چکی ہو۔ یہاں سابقہ 'a' ایک فیصلہ کن 'no' کی آواز دے رہا ہے۔ ایک حکومت جو باغی شہریوں کے ایک ٹولہ

Marfat.com

کو 'amensty' (معافی) کی پیشکش کرتی ہے،حقیقت میں کہہ رہی ہے کہ 'Let us forget it' (ہمیں بھول جانا چاہیے) - یونان کی یادداشت کی دیوی 'Mnemosyne' ایک متلون مزاج عورت تھی-[2]

'Mnemosyne' جو یونانی الٰہیات میں یادداشت کی دیوی کا نام ہے، ہمیں واپس لفظ 'Mnemonics' کے تاریخی پس منظر میں لے جاتا ہے- ایڈتھ ہملٹن (Edith Hamilton) کے بقول:

'Mnemosyne' فنون لطیفه کی نو (9) یونانی دیویوں کی ماں تھی جو کہ 'Muses' کہلاتی ہیں- یہ تعداد میں نو (9) تھیں جو یونان کے سب سے بڑے دیوتا 'Zeus' اور یادداشت کی دیوی 'Mnemosyne' کی بیٹیاں تھیں -[3]

یہ آسان حوالہ ہمارے قیاس کرنے کے لیے کافی ہے کہ تمام علوم کی ماں یادداشت ہے- اس لیے زیادہ سے زیادہ استفادہ کی خاطر دانشمندی کا تقاضا یہی ہے کہ ہم ایسے اسالیب اور طریقے اختیار کریں جو ہماری یادداشت کو تیز اور اس کے حفظ کرنے کی طاقت کو بڑھا سکیں- چنانچہ فنِ یادداشت ، جیسا کہ نفسیات کی لغت میں تعریف کی گئی ہے، "یادداشت کو مصنوعی طریقوں کی مدد سے بہتر بنانے والا فن ہے-"[4]

جیفری بڈورتھ (Geoffrey Budworth) نسبتاً ایک جامع تعریف پیش کرتا ہے :

فنِ یادداشت ایسے طریقے ہیں جو یاد کرنے میں معاون ہوتے

Marfat.com

ہیں مثلاً قوافی، مخففات یا دیگر حرفی یا لفظی ترتیبیں۔[5]

یادداشت (Memory)

فنِ یادداشت کے نظریہ کو مزید واضح کرنے کے لیے یہ بہت ضروری ہو گا کہ یادداشت کے کچھ بنیادی اور مددگار حقائق کو جانا جائے۔ نفسیات کی لغت یادداشت کو یوں بیان کرتی ہے، ''ماضی کے تمام تجربات جو یاد رکھے جا سکتے ہوں۔''[6] یاد کرنے کے تین درجے ہیں، جیسا کہ جان مینگر (Joan Minninger) نے اپنی کتاب 'Total Recall' میں بحث کی ہے:

(ا) فوری یادداشت (Immediate Memory)

''فوری یادداشت'' ڈاکٹر جے مینگر کے خیال میں ''وہ یادداشت ہے جو دو سیکنڈ کے بعد ختم ہو جائے اور ہمیں لگاتار سرگرم عمل رکھے، جیسے کمرے میں چلنا یا کوئی جملہ پڑھنا۔''[7]

(ب) مختصر مدت کی یادداشت (Short Term Memory)

اسی مصنف کے مطابق " مختصر مدت کی یادداشت تازہ یادداشت ہے ---- جو چند منٹ، گھنٹے یا دنوں تک رہے۔ آپ غالباً کہہ سکیں گے کہ آپ نے کل ناشتہ میں کیا کھایا تھا، ممکن ہے اس سے اگلے دن کے بارے میں بھی درست بتا سکیں، لیکن آپ سے ایک ہفتہ یا مہینہ پہلے کے ناشتے کے بارے میں پوچھنا یقیناً بے سود ہو گا،

Marfat.com

جب تک کہ وہ ایک بہت اہم قسم کا ناشتہ نہ ہو۔"[8]

(ج) دیرپا یادداشت (Long Term Memory)

وہ کہتا ہے کہ "دیرپا یادداشتیں، وہ منتخب ذخیرہ گاہیں ہیں جہاں ہم چاہتے ہیں کہ تمام نامانوس ناموں، تاریخوں اوراعداد کو محفوظ کر لیں۔ جب ہم یاد کرنے کے بارے میں بات کرتے ہیں تو ہم عام طور پر دیرپا یادداشت کے بارے میں بات کر رہے ہوتے ہیں۔"[9]

اس ابہام کے باوجود جو علمِ نفسیات کے اس پہلو پر چھایا ہوا ہے، ڈاکٹر جے سیننگر ان تینوں درجوں کی یادداشت میں حافظہ کی استعداد اور میعاد کی ایک تفصیل بیان کرتا ہے۔[10] ذیل میں اس خیال کا جدولی تعارف دیا جاتا ہے:

	فوری یادداشت	مختصر مدت کی یادداشت	دیرپا یادداشت
استعداد	ہزارہا	سات چیزیں	غیر محدود
میعاد	دو سیکنڈ یا اس سے کم	تیس سیکنڈ یا اس سے کم	ہمیشہ کے لیے

ظاہر ہے کہ نئی زبان کا سیکھنا دیرپا یادداشت سے متعلق ہے۔ لہٰذا فنِ یادداشت کا کام دیرپا یادداشت میں لاتعداد الفاظ کو ہمیشہ کے لیے حفظ کرنے میں مدد دینا ہے۔

فنِ یادداشت: ایک مصدقہ فن (Mnemonics: An Authentic Art)

فنِ یادداشت کوئی اتفاقی اور بے ہنگم خیالات کا مجموعہ نہیں۔ یہ ایک مستند فن ہے اور بہت نمایاں شخصیات نے ہر عہد میں اسے

Marfat.com

اہم مطالعات کے لیے استعمال کیا ہے۔ اس کی تاریخ کا مختصر جائزہ لینے کے لیے ڈاکٹر جے سیننگر کی کتاب **'Total Recall'** (صفحات **61** تا **96**) اور تفصیلی مطالعہ کے لیے فرانسس ییٹس **(Frances Yates)** کی کتاب **'The Art Of Memory'** (مکمل کتاب) سے رجوع کیا جا سکتا ہے، کیونکہ یہاں ہم اس فن کی تاریخی تفصیلات کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ یہاں یہ بتانا کافی ہو گا کہ **1960**ء کے بعد جیری لیوکس، ہیری لورین، میکس ویل نرنبرگ، پیٹر فنک اور مورس روزینبلم جیسے ماہرینِ لسانیات نے فنِ یادداشت کو علومِ لسانیات سے مربوط کر کے اس میں خاطر خواہ دلچسپی پیدا کر دی ہے، یہاں تک کہ چومسکی نے جو جدید ترین دستورِ زبان **'Transformational Generative Grammar'** کا بانی ہے، **'Language Acquisition Device --- LAD'** (تحصیلِ زبان کی ترکیب) کا نظریہ پیش کیا ہے جو خالصتاً قانونِ ربط کی روشنی میں فنِ یادداشت پر مبنی ہے۔

خلاصۂ بحث

ایک مشہور ماہرِ لسانیات پیٹر فنک **(Peter Funk)** جو **'It Pays To Enrich Your Word Power'** کے عنوان سے **'Reader's Digest'** میں لکھتا ہے، فنِ یادداشت کا خلاصہ ان الفاظ میں پیش کرتا ہے:

جلد بھول جانے والی محدود مدت کی یادداشت کو دیرپا مدت کی یادداشت میں تبدیل کرنے کے لیے بظاہر ایک مؤثر

Marfat.com

ذریعہ یہ ہے کہ دونوں کے درمیان ایک ربط قائم کیا جائے، یعنی یہ کہ نئی معلومات کے کسی جزو کو دیرپا مدت کی یادداشت میں پہلے سے ذخیرہ شدہ معلومات سے مربوط کیا جائے۔[11]

آئندہ صفحات میں ہم فنِ یادداشت کے ان طریقوں کو زیرِ بحث لا رہے ہیں جو انگریزی الفاظ کو سیکھنے اور انہیں دیرپا مدت کی یادداشت میں ہمیشہ کے لیے محفوظ رکھنے میں استعمال ہو سکتے ہیں۔

138556

Marfat.com

فنِ یادداشت کے طریقے (I)

Mnemonic Devices (I)

ہمارے پاکستانی طلباء کے لیے انگریزی الفاظ کے ہجے اور معانی عام طور پر گھبراہٹ کا باعث بنتے ہیں۔ تلفظ جو اس مثلث کا ایک اہم جزو ہے، کوئی بڑا مسئلہ نہیں، کیونکہ یہ سمجھنے کے عمل کو بالعموم متاثر نہیں کرتا۔ ہجوں اور معانی کے مسائل پر فنِ یادداشت کے ذریعے موئثر طور پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ آئیے ہم ایسے کچھ طریقوں کو زیرِ بحث لائیں جو خاص طور پر ان دو شعبوں میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں:

1۔ مخفف الفاظ : (Acronyms)

(الف) اگر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا کوئی انگریزی کا طالبعلم ہم سے انگریزی کے حروفِ علت (Vowels) کی تعداد اور پہچان کے بارے میں جاننا چاہے تو ہم اسے یونیورسٹی کے نام کے مخففات **AIOU** اور اس کے مضمون **English** کے پہلے حرف یعنی **'E'** کو **'A'** اور **'I'** کے درمیان رکھ کر مطمئن کر سکتے ہیں یعنی **AEIOU** ۔ اس کے علاوہ ان حروف کو مزید اس طالب علم کے ذہن میں نقش کرنے کے لیے ہم اسے تین ایسے الفاظ دے سکتے ہیں جن میں پانچوں حروفِ علت حروفِ تہجی کی اصل ترتیب میں موجود

Marfat.com

ہیں، مثلاً arsenious ، facetious اور abstemious۔

(ب) بعض اوقات مشکل الفاظ کے پہلے حروف کو الگ کر لیا جاتا ہے اور ان حروف سے مانوس الفاظ کی ایک زنجیر بنائی جاتی ہے جو کہ ایک جملے کی صورت میں مرتب ہو جاتے ہیں، مثلاً آر بی یپسن (R.B. Yepsen) ایک جملے کا حوالہ دیتا ہے جس کو میڈیکل کے طلباء حفظ کرنے کے عادی ہیں، یہ کلائی کی آٹھ ہڈیوں کے نام ہیں:

"Never lower Tillie's pants, mother may come home "[1]

اس جملے کے ہر لفظ کے ابتدائی حروف یہ ہیں : **NLTPMMCH** جو کلائی کی ہڈیوں کو ظاہر کرتے ہیں:

1. **navicular**
2. **lunate**
3. **triangular**
4. **pisiform**
5. **multiangular (greater)**
6. **multiangular (lesser)**
7. **capitate**
8. **humate**

یہ جملہ ہڈیوں کے ناموں کو یاد کرنے منیں ایک فہرست کا کام کرتا ہے ۔ جیفری بڈ ورتھ ایک ایسے جملے کی مثال پیش کرتا ہے جو گاڑی چلانے کے طریقۂ کار کے چھ (6) بنیادی عناصر کے متعلق الفاظ کے ابتدائی حروف ہیں ، **"Can my safety be given away"**[2]

یہ حروف یعنی **CMSBGA** درجِ ذیل چھ (6) الفاظ کی جانب اشارہ کرتے ہیں :

1. **course**
4. **brakes**

Marfat.com

2. mirror	5. gear
3. speed	6. acceleration

2۔ عملِ تکسیر (Alphabetization)

جیری لوکس(Jerry Lucas) ، "باسکٹ بال کا ایک اہم کھلاڑی جو کہ بعد میں فنِ یادداشت کا ماہر بن گیا"،[3] خود اپنی حروفِ تہجی بنانے کی عادت کا ذکر کرتا ہے، جِس کے مطابق وہ الفاظ کے حروف کی ترتیب بدل دیتا ہے، یا دوبارہ ترتیب دیتا ہے اور، جیسا کہ وہ لکھتا ہے، "اسی ذہنی عادت کی برکت سے میں حیران کن حد تک بہتر طور پر ہجے کر لیتا ہوں۔"[4] اس کا بنیادی تصور یہ ہے کہ بہت سی صورتوں میں حروف کو الٹانے یا دوبارہ ترتیب دینے سے نئے الفاظ تخلیق ہوتے ہیں، مثال کے طور پر:

cat	act
tub	but
saw	was
moor	room
eat	tea
Nile	line
mile	lime

3۔ وکیبے گرام (Vocabagrams)

(الف) میکس ویل نرنبرگ نے عملِ تکسیر کے نظریہ کو اپنی کتاب 'All About Words' میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔ اس

Marfat.com

کتاب کے تیسرے باب میں اس نے ایک نہایت عمدہ مشق اپنی ذاتی اصطلاح 'vocabagram' کے تحت درج کی ہے، جس کے بارے میں اس کا دعویٰ ہے، "--- ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ کھیل نہایت آسانی سے ہمارے ذخیرۂ الفاظ کو بڑھا سکتا ہے۔"[5] وہ اپنے قارئین کو بیس (20) ایسے الفاظ مہیا کرتا ہے جن کو اگر حروفِ تہجی کے لحاظ سے دوبارہ ترتیب دیا جائے تو دوسرے الفاظ بن جاتے ہیں۔ وہ پہلا لفظ لکھتا ہے اور اس کے سامنے دوسرے لفظ کے معنی، جسے سیکھنے والے کو پہلے لفظ اور معنی کے ذریعے سے قیاس کرنا ہوتا ہے۔ وہ دو مثالیں پیش کرتا ہے :[6]

i) wary : twisted — answer = awry

ii) atom : a ditch around the castle — answer = moat

ذیل میں اسی نوعیت کے پانچ اور الفاظ پیش کیے جاتے ہیں :

i) coiled : submissive

ii) attic : unspoken

iii) conical : brief

iv) relating : essential

v) talent : lying hidden

<u>Answers:</u> i) docile (ii) tacit (iii) laconic (iv) integral (v) latent

(ب) یہی مصنف (میکس ویل نرنبرگ) فنِ یادداشت کی ان اچھوتی مشقوں (vocabagrams) کی مزید وضاحت دو اور

Marfat.com

طریقوں سے کرتا ہے:

(1) نیا لفظ بنانے کے لیے ایک لفظ کا دوبارہ ترتیب دینا اور اس میں ایک حرف کا اضافہ کرنا، مثال کے طور پر:

overeat + n : make new answer = renovate

ذیل میں اسی نوعیت کے پانچ اور الفاظ پیش کیے جاتے ہیں:

i) amulets + i : feign

ii) dried + e : ridicule

iii) lines + a : salty

iv) scale + o : comfort

v) scene + r : container of burning incense

Answers: (i) simulate (ii) deride (iii) saline

(iv) solace (v) censer.

(2) لفظ کے کسی ایک حرف کا نکال دینا اور اسے دوبارہ ترتیب دینا تاکہ ایک نیا لفظ بن جائے، مثال کے طور پر:

caper - r : step answer = pace

اس کی پانچ مزید مثالیں یہ ہیں:

i) bromide - e = diseased

ii) entrails - r = outstanding

iii) jumping - j = to attack

iv) retain - a = inactive

v) murder - r = to object

Marfat.com

Answers: (i) morbid (ii) salient (iii) impugn

(iv) inert (v) demure

(ج) میکس ویل نرنبرگ اس کے بعد اپنے vocabagrams کے ایک اور انداز کا تعارف کراتا ہے۔ وہ دو الفاظ کو اکٹھا رکھتا ہے اور پھر اِن کے حروف کو دوبارہ ترتیب دیتا ہے تاکہ ایک نیا لفظ بن جائے،[7] مثال کے طور پر:

quit + net : a set of five answer : quintet

ذیل میں اس کی پانچ اور مثالیں ملاحظہ فرمائیے:

i) cheat + mob = great sacrifice

ii) buy + tied = doubt

iii) cool + port = ceremonial procedure

iv) day + rim = at least 10,000

v) mad + mile = quandary

Answers: (i) hecatomb (ii) dubiety (iii) protocol

(iv) myriad (v) dilemma

4۔ اشتباہات کا رفع کرنا (Removing Confusions)

(الف) جہاں دو متشابہ الفاظ میں اشتباہ کو دور کرنا ہو فنِ یادداشت وہاں حیران کن طریقے سے کام کرتا ہے۔ میکس ویل نرنبرگ دو ایسے الفاظ کو زیرِ بحث لاتا ہے جن کے متعلق زیادہ تر امریکی بھی اشتباہ کا شکار رہتے ہیں، 'stalagmites' اور 'stalactites' ۔ یہ انگشت نما قلموں کے نام ہیں جو غاروں میں پائی جاتی ہیں، لیکن اِن

Marfat.com

دو الفاظ میں کیسے امتیاز کیا جائے۔میکس ویل نرنبرگ لکھتا ہے،
”فنِ یادداشت کے ایک طریقے سے ایسا ہو سکتا ہے کہ اِن الفاظ کا فرق ہمیشہ کے لیے یاد ہو جائے۔ **stalactite** کے اندر **'c'** ہے، یہ قلمیں غار کی چھت **(ceiling)** سے نیچے آتی ہیں۔ **stalagmite** کے اندر **'g'** ہے، یہ قلمیں زمین **(ground)** سے نکلتی ہیں۔“ [8]

(ب) جیوفری بڈورتھ دو الفاظ **'stationery'** اور **'stationary'** میں یوں امتیاز کرتا ہے کہ وہ **'stationery'** کو **'paper'** سے نسبت دیتا ہے۔ ان دو الفاظ میں **'e'** مشترک ہے۔ اسی طرح وہ **'stationary'** کو اسی لفظ کے معنی **'standing still'** سے منسلک کرتا ہے۔ ان الفاظ میں **'a'** مشترک ہے۔ [9]

(ج) **'canon'** اور **'cannon'** اکثر الجھا دیتے ہیں۔ **'cannon'** میں دو **'n'** ہیں اور اِس کے عربی، اردو اور فارسی معنی 'قانون' میں بھی دو ہی 'نون' ہیں۔ متشابہ الفاظ کا ایک عمدہ پہلو یہ ہے کہ اگر ایک لفظ کے معنی فنِ یادداشت کے تحت متعین ہو جائیں تو دوسرا خودبخود واضح ہو جاتا ہے۔

(د) ایک عام غلطی **'together'** کی بجائے **'togather'** کا استعمال ہے۔ ایک دلچسپ طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ صحیح لفظ **'together'** کو تین الفاظ میں تقسیم کر دیا جائے، یعنی **to-get-her**۔

(ہ) **'principal'** اور **'principle'** میں واضح فرق کرنا ہو تو ایک بہت ہی سادہ طریقہ اِس کو واضح کر سکتا ہے۔ **'principle'** کا مطلب ہے **'rule'**، اور دونوں لفظوں کے آخر میں **'le'** موجود ہے۔

Marfat.com

5۔ قافیہ بندی (Rhymes)

(الف) ماہرینِ فنِ یادداشت کے لیے فنِ یادداشت کے قافیوں میں بھی خاصی دلچسپی کا مواد موجود ہے، جیسا کہ میکس ویل نرنبرگ لکھتا ہے، "----قوافی کی مدد سے یاد کرنے کا فن ابتدائی زمانوں سے ہی ایک مسلمہ آموزشی طریقہ رہ چکا ہے۔"[10] وہ اِس کی شعری مثالیں پیش کرتا ہے۔ ذیل میں اِن میں سے ایک مثال پیش کی جاتی ہے جو اِملا اور ہجے کے ایک قاعدہ کی وضاحت کرتی ہے:

'I' before 'e'

Except after 'c'

Or when sounded as 'a'

As in 'neighbour' and 'neigh'[11]

(ب) مصنِف اِس قاعدے کی مزید وضاحت ایک اور انداز میں کرتا ہے:

'I' before 'e'

When sounded like 'ee'

Except after 'c'[12]

شاعرانہ ذوق کے حامِل ذہین افراد اِس طرح کے کئی شعری قواعد خود بھی وضع کر سکتے ہیں۔

Marfat.com

فنِ یادداشت کے طریقے (II)

(Mnemonic Devices - II)

فنِ یادداشت کے جن طریقوں پر پچھلے باب میں بحث ہوئی وہ زیادہ تر ہجوں (spellings) سے متعلق تھے۔ الفاظ کے معانی حسبِ ضرورت زیرِ بحث لائے گئے۔ اِس باب میں ہم نئے الفاظ اور ان کے معانی کو سیکھنے کے ایک اور طریقہ کی وضاحت کر رہے ہیں۔ ہم اِس طریقہ پر نئے الفاظ کو دیرپا یادداشت میں ذخیرہ کرنے پر توجہ مرکوز کریں گے۔

تفہیم (Intelligibility)

غیرملکی زبان سیکھنے میں درپیش مسائل کی ماہیّت کی وضاحت کرتے ہوئے فنِ یادداشت کا ایک بلند پایہ ماہر، ہیری لورین (Harry Lorayne) لکھتا ہے، "غیرملکی زبان میں کوئی بھی لفظ کسی بھی ایسے شخص کے لیے جو اِس زبان سے آشنا نہ ہو، آوازوں کے مجموعے کے سوا کچھ بھی نہیں ہے۔"[1] اِس مسئلے کا حل پیش کرنے کی خاطر وہ سپینوزا (Spinoza) کا قول نقل کرتے ہوئے لکھتا ہے، "کوئی بھی چیز جتنی زیادہ قابل فہم ہوتی ہے اتنی ہی زیادہ آسانی کے ساتھ حافظہ میں محفوظ ہو جاتی ہے، اس کے برعکس جتنی ناقابلِ فہم ہوتی ہے اتنی زیادہ آسانی کے ساتھ ہم اسے بھول

Marfat.com

جاتے ہیں۔"[2]

متبادِل الفاظ کا نظام (Substitude Word System)

ہیری لورین غیرملکی یا مشکل الفاظ سیکھنے کے لیے متبادل الفاظ کے نظام کی طرف توجہ مبذول کراتا ہے۔ انگریزی کو ایک مادری زبان کی طرح ذہن میں رکھتے ہوئے وہ اپنے اِس نظام کی وضاحت کرتا ہے، "ایک خارجی لفظ اور اِس کے انگریزی میں معنی یاد کرنے کے لیے انگریزی معنی کو کسی ایسے متبادل لفظ سے مربوط کریں جو اس خارجی لفظ کا ہم آواز ہو۔"[3] اس کے بعد وہ اپنے نظام کو مثالوں کے ذریعے واضح کرتا ہے۔ یہاں اِن میں سے دو مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

(الف) ہسپانوی زبان کا لفظ'hermano' (انگریزی میں اِس کا تلفظ air-mon-o) جِس کا مطلب'brother' (بھائی) ہے، انگریزی لفظ 'airman' کے ساتھ ہم آواز ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے بھائی کو ایک ہواباز تصور کرے تو وہ بغیر کوشش کیے اِس کا ہم آواز ہسپانوی لفظ 'hermano' یاد کر سکتا ہے۔

(ب) اسی طرح ہسپانوی لفظ 'Pluma' کا مطلب 'pen' ہے۔ کوئی خود کو 'pen' (قلم) کی بجائے ایک 'plume' (پَر) کے ساتھ لکھتے ہوئے دیکھے گا تو لفظ 'plume' فوری طور پر اسے'pluma' یاد کرا دے گا۔

اگر ہم اِن مثالوں کو عمیق نظر سے دیکھیں تو ہم آسانی کے ساتھ اِن میں استعمال شدہ تکنیک کو سمجھ سکتے ہیں:

Marfat.com

(الف) ابتدائی طور پر ہمارا واسطہ ایک نئے لفظ سے پڑتا ہے۔ ہم اِسے حتی المقدور ادا کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور یوں ہم اِس کے صوتی انداز کو جاننے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

(ب) لفظ کے صوتی انداز کو جاننے کے بعد ہمارا ذہن خودبخود کچھ ایسے الفاظ کی طرف منتقل ہو جاتا ہے (یا ڈھونڈنے کی کوشش کرتا ہے) جِن کا تلفظ اِس نامانوس لفظ سے مُشابہ ہو۔ یہ ایک قدرتی روِش ہے جیسا کہ مُصنف جیری لیوکس **(Jarry Lucas)** لکھتا ہے ، "متبادل لفظ کا تصور کسی بھی زبان کے کسی بھی لفظ کے لیے قابلِ اطلاق ہو سکتا ہے۔ ایسا کوئی لفظ موجود نہیں جس کا کوئی ہم آواز لفظ آپ کی اپنی زبان میں موجود نہ ہو، یا جو آپ کو اپنی زبان کے کسی لفظ کے بارے میں سوچنے پر مجبور نہ کر دے۔"[4]
کسی کی اپنی زبان کے یہ ہم آواز الفاظ نامانوس الفاظ کے متبادل ہوتے ہیں، جیسے **'hermano'** **'airman'** کا اور **'pluma'** **'plume'** کا متبادل ہے۔

(ج) اِس کے بعد معانی کا مرحلہ آتا ہے جیسا کہ اوپر کی مثالوں میں **'brother'** اور **'pen'**۔ معنی جو کہ اس متعلقہ خارجی / نئے لفظ کا متبادل ہے، فنِ یادداشت کے تحت متبادل ہم آواز لفظ کے ساتھ مربوط ہے، جیسا کہ اوپر کی مثالوں میں **'brother'** **'airman'** کے ساتھ اور **'pen'** **'pluma'** کے ساتھ۔

مختصر یہ کہ متبادل الفاظ کا نظام تین مرحلوں پر مشتمل ہے:

(الف) خارجی / نامانوس الفاظ کا مرحلہ

Marfat.com

(ب) ہم آواز/ متبادل الفاظ کا مرحلہ

(ج) معنی کو ملانے کا مرحلہ

یہ کوئی بے ہنگم نظام نہیں۔ اِسے لسانیاتی طور پر نہایت مستند نفسیاتی بنیادوں پر استوار کیا گیا ہے۔ ہیری لورین نے سب سے پہلے یہ تصور 1958ء میں اپنی کتاب **'Develop A Super Power Memory'** میں پیش کیا۔ اس کے بعد تقریباً یادداشت کے ہر ماہر نے اس تصور کو اپنایا۔ جیری لیوکس نے اس خیال کو 1973ء میں اپنی شاہکار تصنیف **'The Memory Book'** میں مزید وضاحت کے ساتھ پیش کیا۔ 1982ء میں ایک ماہرِ لسانیات پیٹر فنک نے اِس موضوع پر ایک نادر کتاب **'Word Memory Power In 30 Days'** لکھی۔ اِن معلومات کی روشنی میں آئیے ہم اِس نظام میں شامل تصورات کی مزید چھان بین کرتے ہیں:

یادداشت سے متعلق مزید معلومات (More About Memory)

فنِ یادداشت کے مذکورہ بالا نظام پر عبور حاصل کرنے کے لیے یادداشت کے متعلق کچھ مزید حقائق زیادہ معاون ہو سکتے ہیں۔ یادداشت کی دو بڑی اقسام ہیں:

(الف) حکایاتی یادداشت **(Episodic Memory)**

(ب) معنوی یادداشت **(Semantic Memory)**

ڈاکٹر جے میننگر **(Dr. J. Mininger)** لکھتا ہے، " حکایاتی یادداشتیں آپ کے ذاتی تجربات ہیں جو براہِ راست آپ کو پیش آتے

Marfat.com

ہیں۔ معنوی یادداشتیں بیرونی دنیا کے متعلق تسلیم شدہ حقیقتوں کے حصے ہیں، مثلاً لسانیات یا ریاضیات کے نظریات جو آپ سیکھتے تو ہیں لیکن وہ آپ کے ذاتی مشاہدات نہیں ہوتے۔"[5] ظاہر ہے کہ ہمارا واسطہ یہاں معنوی یادداشت کے ساتھ ہے۔ مطالعۂ یادداشت کا ایک اور پہلو، جیسا کہ اِسی مصنف نے بیان کیا ہے، یہ ہے :

(الف) لفظی (الفاظ کے ذریعے یاد کرنا)

(ب) بصری (امیجری کے ذریعے یاد کرنا)

(ج) حِسی (قوتِ لامسہ کے ذریعے یاد کرنا)

ہم نے ان دونوں اقسام (حکایاتی اور معنوی) اور ان کی ذیلی اقسام (لفظی، بَصری، حِسی) کو بیان کیا ہے، کیونکہ یہ تمام اصطلاحات حافظہ سے متعلق تصورات کو سمجھنے کے لیے معاون ہیں۔

لفظی، بصری اور حِسی یادداشت کے طریقے باہم مربوط ہیں، لیکن مختلف صورتوں میں ایک طریقہ دوسرے طریقے پر غالب آ جاتا ہے۔ مثال کے طور پر حکایاتی یادداشت میں بصری اور سمعی، جبکہ معنوی یادداشت میں لفظی پہلو غالب ہوتے ہیں۔ بصری اور حِسی یادداشت کے طریقے زیادہ دیرپا ہیں۔ لہٰذا ہمیں لفظی یادداشت کو تیز کرنے کے لیے جو کام کرنا ہے، وہ یہ ہے کہ ہمیں یادداشت کے لیے کچھ مددگار طریقے وضع کرنا ہوں گے جن میں بصری اور حسی پہلو نمایاں ہوں۔ نامانوس الفاظ کے لیے ہم آواز الفاظ کی تلاش حسی یادداشت کی معاون ہے، کیونکہ یہ سمعی حِس کو استعمال میں لاتی

Marfat.com

ہے، اور نامانوس الفاظ کے معانی اور ہم آواز لفظ کے درمیان ایک ربط قائم کرنا ایک بصری یادداشت ہے جو بصری تخیلات کو جنم دیتی ہے۔

اوپر دی گئی دو مثالیں ہسپانوی زبان سے متعلق تھیں، جن میں انگریزی کو بطور مادری زبان استعمال کیا گیا تھا، کیونکہ مصنف خود انگلستان کا باشندہ تھا اور اپنی ہی زبان بولنے والے گروہ کے متعلق لکھ رہا تھا۔ آئیے اب ہم اپنے موضوع کو مزید قریب سے دیکھتے ہیں، اور انگریزی سے کچھ مثالیں لیتے ہیں جس کا مطالعہ ہمارا ہدف ہے۔ یہاں جیری لیوکس کی ایک مثال پیش کی جاتی ہے:

انگریزی لفظ **'peduncle'** کا مطلب ایک 'پھول کی ڈنڈی' **(a flower stalk)** ہے۔ اگر آپ یہ تصور کریں کہ آپ پیسوں کی بجائے ایک پھول کی ڈنڈی اپنے چچا کو پیش کر رہے ہیں تو آپ کو لفظ کا تلفظ اور اس کے معنی دونوں یاد آ جائیں گے۔[6]

ہم دیکھتے ہیں کہ یہاں **'peduncle'** اور **'paid uncle'** کے درمیان ایک حیران کن صوتی مشابہت موجود ہے اور ایک با آسانی یاد ہونے والی تمثیل بھی بنتی ہے جو چچا کو پھول کی ایک ڈنڈی پیش کرنے کی صورت میں ہے۔

کلیدِ یادداشت کا نظام **(The Memory Key System)**

پیٹر فنک کے پیشروؤں نے نامانوس الفاظ، ان کے متبادل الفاظ اور معانی کو جداگانہ حیثیتوں میں استعمال کیا۔ ان کا باہمی ربط بہت واضح تھا، لیکن ان الفاظ کو ایک جملے کی صورت میں مربوط

Marfat.com

نہیں کیا جا سکتا تھا، محض ربطی تصور کی وضاحت کی جاتی تھی- پیٹر فنک نے فنِ یادداشت کے تحت مطلوبہ لفظ، متبادل لفظ اور معنی کو ایک جملہ کی شکل دے کر اس نظام کو ایک نہایت موزوں سانچے میں ڈھال دیا- وہ اس جملہ کو کلیدِ یادداشت (Memory Key) کا نام دیتا ہے- وہ لفظ کے معنی کی بجائے 'لفظی تعلق' (Word Link) کی اصطلاح بھی استعمال کرتا ہے- آئیے اب ہم اس کی کتاب 'Word Memory Power In 30 Days' کے سبق نمبر 3 اور 4 سے اس کی کم از کم پانچ مثالیں لیتے ہیں:

a. **Word** : **CAVIL**

Word Link : **CRITICIZE**

Memory Key : **The U.S. CAVALry (CAVIL) was CRITICIZED at Custer's defeat at Little Big Horn.**

b. **Word** : **WREAK**

Word Link : **DAMAGE**

Memory Key : **A fire that causes DAMAGE will REEK (WREAK) for hours.**

c. **Word** : **SUBVERT**

Word Link : **OVERTHROW**

Memory Key : **An OVERTHROWn submarine can cause a condition called SUBVERTigo**

Marfat.com

(SUBVERT).

d. Word : CATALYST

Word Link : STIMULUS

Memory Key : The cow, seeing its name on the slaughterhouse CATTLE LIST, (CATALYST) was STIMULATED to run away.

e. Word : HYBRID

Word Link : MIXTURE

Memory Key : Scientists sometimes MIX genes to produce a HIGH BREED (HYBRID) of a particular animal.

